یشوعؑ بن سیراخ 15-1:17 **زبور 102**

رنگ سبز

مرقس 16-13:10

مرکزی آیت:۔ ''اُن پر اپنے ہاتھ پھیلائے اَور اُنہیں برکت دی'' مرقس 16:10

جب ماں باپ اپنے بچوں کو یسوع کے پاس لاتے ہیں تو وہ بڑا خوش ہوتا ہے۔ وہ بڑی خوشی سے ان سے بغلگیر ہوتا اَور انہیں برکت دیتا ہے۔ وہ بھی اسے پیار کرنے دیتے ہیں۔ یسوع جو بھی بچے کی مانند ہے ان پر بادشاہی کرسکتا ہے۔ کیوں کہ وہ سادہ اَور حلیم ہیں۔ اس کے مددگار ہونے کے قابل ہیں۔

2۔ مارچ | سالِ سوئم کے دوران عام ایام کا آٹھواں اتوار | اتوار

یشوُع بن سیراخ 8-5:27　**زبور 91**

رنگ سبز

1۔ قرنتیوں 58-54:15　**مقدس لوقا 45-39:6**

مرکزی آیت:۔ ’’شاگرد اپنے اُستاد سے بڑا نہیں‘‘۔ لوقا 40:6

یسوع نے مُبارکبادیوں کا اعلان کیا تھا۔ دُشمنوں کو پیار کرنا، رحم دل ہونا اَور معاف کرنا۔ وہ جانتا ہے کہ کس طرح مالک اَور اُستاد ہونا ہے۔ اَور وہ یہ سچائی سے کہہ سکتا ہے۔ کیونکہ وہ باپ سے آتا ہے۔ وہ اندھے کی اِس طرح رہنمائی کرتا ہے۔ کہ وہ گڑھے میں نہ گرے۔ وہ اِس لائق ہے کہ ہماری آنکھ سے تنکا نکال سکتا ہے۔ کیونکہ اس کی آنکھ میں شہتیر نہیں۔ مُبارک ہیں وہ جو تیری راہنمائی میں چلتے ہیں۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

یشوؑع بن سیراخ 17:24-29

زبور 31

رنگ سبز

مرقس 10:17-27

مرکزی آیت:۔ ''یسوع نے اُس پر نگاہ جما کر اُسے عزیز جانا''۔ مرقس 10:21

اے یسوع تو سب انسانوں سے پیار کرتا ہے اَور ان پر اپنی آنکھ رکھتا ہے۔ وہ آدمی جو بھاگتا ہوا تیری طرف آ رہا تھا۔ وہ تیری بادشاہی کے لئے تیار ہو سکتا تھا۔ درِاصل ابھی تک گناہ نے اسے نقصان نہیں پہنچایا تھا۔ کافی تھا کہ وہ دُنیاوی دولت سے دل نہ لگاتا تا کہ کہ تیری محبت سے بھرپور ہو جاتا '' نیک اُستاد'' کی محبت سے۔

ہم اِس سال کے دوران تجھے خوشی دیں گے۔ اے ہمارے اُستاد اَور ہم مستقل مزاجی سے تجھ سے متحد رہیں گے۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

مُقدس کاسمیر

رنگ سبز

یشوؔع بن سیراخ 15-1:35

زبور 49

مرقس 31-28:10

مرکزی آیت:۔ ”ہم نے سب کچھ چھوڑ دیا ہے۔ اَور تیرے پیچھے ہو لئے ہیں“۔ مرقس 28:10

کتنی خوش الحان ہے اس کی سننا جو خداوند یسوع کی بات کرتا ہے۔ لیکن کیا یہ سچ ہے! پطرس یسوع کی پیروی کر رہا تھا۔ لیکن اس کے اندر اس کا کچھ معاوضہ حاصل کرنے کی اُمید لگی تھی۔ اس کی محبت بے لوث محبت نہیں تھی۔ تو بھی یسوع اِسے یقین دلاتا ہے کہ اِس کو معاوضہ ملے گا۔ بلکہ اِس کی سوچ سے بھی بالاتر۔ بھلے بڑی اذیتوں کے ساتھ بھی خدا میں مسرور رہیں۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....



راکھ کا بدھ

رنگ جامنی

یوئیل 18-12:2

زبور50

2۔ قرنتیوں 2:6,20:5

مقدس متی 18-16,6-1:6

مرکزی آیت:۔ ”اپنے باپ سے پوشیدگی میں دُعا کر“۔ متی 6:6

ہم روزوں کے ایام کا آغاز کرتے ہیں۔ یہ وہ وقت ہے۔ جب کلیسیاء ہمیں موقع دیتی ہے۔ کہ ہم کس طرح نیک کام کرتے ہیں۔ ان میں سے ایک دُعا ہے۔ کیا ہم درحقیقت دُعا کرتے ہیں۔ جسے یسوع ہمیں سکھاتا ہے۔ جو کہ تنہا جگہوں میں جا کر تنہائی میں باپ سے کے ساتھ جڑے رہیں گے جو ہم پر اپنی محبت نچھاور کریگا اور ہماری تجدید کرے گا۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

تثنیہ شرع 30:15-20 **زبور 1**

رنگ جامنی

مقدس لوقا 9:22-25

مرکزی آیت:۔ ”ضرور ہے کہ ابنِ انسان بہت دُکھ سہے“۔ لوقا 9:22

کلیسیاء ہماری ماں روزوں کے آغاز میں یسوع کا یہ کلام اُس کا ظہوُر ہمارے سامنے رکھتی ہے۔ زندگی کے سفر میں جو کہ روزوں کا موسم ہے۔ یہ ہمیں ابدی اَور حقیقی پاشکا کی طرف لے جاتا ہے۔ کیا ہم بھی آزادی اَور اُداسی کے بغیر یسوع کے ساتھ اذیت برداشت کرنے کو تیار ہیں۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

مقدسہ پرپیتوا اور فیلیسٹا شہید

رنگ جامی یا سُرخ

اشعیاہ 58:1-9

زبور 50

مقدس متی 9:14-15

مرکزی آیت:۔ ’’وہ کہے گا مَیں حاضر ہوں‘‘۔ اشعیاہ 58:9

یسوع دیکھتا ہے کہ لوگ کس طرح روزے رکھتے ہیں۔ اس لئے وہ بنی کو حکم دیتا ہے۔ کہ وہ بلند آواز سے پکارے! روزے رکھنے کا یہ طریقہ کار نہیں‘‘ وہ کہنا چاہتا تھا کہ مجھے اِس سے نفرت ہے۔ تم میرے سامنے نیک بننے کا دکھاوا کرتے ہو۔ لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم میں باہمی محبت نہیں۔ بھوکے اَور غلامی میں ہیں۔ جو دُکھ اَور مصیبت میں ہیں ان پر ترس نہیں کھاتے اَور رحم نہیں کرتے۔ جب تم ان چیزوں سے کنارہ کشی کروگے۔ تو میں تمہیں جواب دوں گا۔ ’’میں حاضر ہوں۔ اَور تمہیں اپنی نجات دہندہ کی حضوری سے خُوش کروں گا۔

....
....
....
....
....
....
....
....
....
....
....
....
....
....

8۔ مارچ | **سالِ اوّل روزوں کے ایام** | **ہفتہ**



مقدس یوحنا خادمِ خُدا راہب

رنگ جامنی

اشعیاہ 14-9:58

زبور 85

مقدس لوقا 32-27:5

مرکزی آیت:۔ ”اَور خُداوند ہر وقت تیری ہدایت کرے گا“۔ اشعیا 11:58

روزوں کے ایام باپ کے منصوبہ کے مطابق نئے سرے سے زندگی تعمیر کرتے اَور اس کی تجدید کرنے کا وقت ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ ہم گنہگار اسے خود کو اس کے ہاتھوں میں دے دیں۔ تاکہ وہ ہمیں معاف کر کے اپنے ساتھ بغلگیر اَور متحد کرے۔ وہ ہمارا ہاتھ تھام لینا چاہتا ہے۔ تاکہ ہم بھی اپنے بھائیوں کی طرف فراخدلی سے معافی کا ہاتھ بڑھائیں۔

9۔ مارچ | سالِ سوئم کے روزوں کا پہلا اتوار | **اتوار**

رومہ کی مقدسہ فرانسیکا۔ راہبہ

رنگ جامنی

تثنیہ شرع 10-4:26

زبور 90

رومیوں 13-8:10

مقدس لوقا 13-1:4

مرکزی آیت:۔ ”تو خداوند اپنے خدا کو سجدہ کر“۔ لوقا 8:4

کل ہم نے ایک وعدہ سُنا۔ ”خداوند ہمیشہ تیری رہنمائی کریگا“ آج ہم اُس کی محبُت کا جواب صرف اُسے سجدہ کرتے ہوئے دیں۔ یعنی کہ ہم خداوند کو اپنی تمام پر خواہشات، سوچ، مقاصد، احساسات اَور شکوک وشہبات سے مقدم ٹھہرائیں۔ اَور یہ سب اس لئے کہ وہ ہمارا باپ ہے۔ اَور ہم یسوع کی مانند اَور یسوع کے ساتھ اس کے بچے ہیں جنہیں وہ پیار کرتا ہے۔ ہم اسے ہر موقعہ اَور ہر آزمائش پر فتح پانے کے لئے اسے ساتھ ہونے کے لئے پیار کرتے ہیں۔

....
....
....
....
....
....
....
....
....
....
....
....
....
....
....

اَحبار 19:1-2,11-18

زبور 18

رنگ جامنی

مقدس متی 25:31-46

مرکزی آیت:۔ ''آؤ میرے باپ کے پیارے لوگو'' متی 25:34

اے یسوع تو ان الفاظ کو ادا کرنے کا کس قدر خواہشمند ہے۔ اپنا آسمان کھولنے اَور سب کے لئے اپنی باہیں کھولے ہوئے ہے۔ جب تیرے سامنے دُنیا کی ساری قومیں اکٹھی کی جائیں گی۔ جو کچھ بھی محبت سے کسی مصیبت زدہ کے لئے کیا جاتا ہے۔ تو اس سے خوش ہوتا ہے۔ تو محبت کے اس کام کو گویا اپنے لئے کیا گیا کام سمجھتا ہے۔ عمل کرنے والے کو اس کا احساس ہو یا نہ ہو۔ اَور وہ بھلے تجھے جانتے بھی ناں ہوں۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

اشعیاہ 55:10-11 **زبور 33**

رنگ جامنی

مقدس متی 6:7-15

مرکزی آیت:۔ ”تیرا نام پاک مانا جائے“ متی 6:9

میری بھی یہی تمنا ہوگی کہ باپ کا تقدس میری زندگی میں بھی دیکھا جا سکے۔ جو کہ ہر کسی کا فائدہ چاہتا ہے۔ چاہیے اچھا ہو یا بُرا۔ وہ سب کو اپنے بیٹے یسوع کے گرد اکٹھے کرنا چاہتا ہے۔ وہ ہمارے اندر اپنے خیالات دیکھنا، اپنا کلام ہم میں پہنچاننے اَور جو کچھ بھی ہم کریں اس میں اپنی محبت کا پرتو دیکھنا چاہتا ہے۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

12۔ مارچ **بدھ**

اشعیا 11-10:55 **زبور 33**

رنگ جامنی

مقدس متی 15-7:6

مرکزی آیت:۔ ”دیکھ یہاں وہ ہے جو سلیمان سے بڑھ کر ہے“۔ لوقا 31:11

یسوع کو علم ہے۔ پاک کلام میں ہر چیز اس کی بات کرتی ہے۔ سلیمان پُر حکمت بادشاہ بھی جو امن کا بادشاہ اَور نور لا سکے۔ وہ ہمارے ایمان کی بڑھوتری کا منتظر ہے۔

اے یسوع تیرا شکریہ کہ تو میرے سوالوں کا اطمینان بخش جواب دیتا اَور میرے دل کی گہرائی میں اطمینان بخشتا ہے۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

آستر 14-12,5-3,1:14

زبور 137

رنگ جامنی

مقدس متی 12-7:7

مرکزی آیت:۔ ”آستر کے حکم کے مطابق سب کچھ ہوا“ آستر 17:4

ملکہ آستر خطرے میں گھِری اپنی قوم کے لئے دل کی گہرائی سے نکلی ہوئی دعا میں ابراہیم کے خدا کی تعریف کرتی ہے۔ وہ سخت اذیت میں ہے۔ اَور خود کو بھی موت کے خطرے میں محسوس کرتی ہے۔ لیکن بڑی حلیمی اَور عاجزی سے خداوند پر بھروسہ رکھتی ہے۔ وہ اس کی دُعا سنے گا جو کئی دنوں کے روزہ کے بعد بڑی دلیری اَور بہادری سے کی گئی۔ وہ اپنی نجات بخش حضوری دکھائے گا۔

حزقیال 28-21:18 **زبور 129**

رنگ جامنی

مقدس متی 26-20:5

مرکزی آیت:۔ ”جا پہلے اپنے بھائی کے ساتھ صلح کر“۔ متی 24:5

خداوند کے ساتھ اتحاد پڑوسی کے اتحاد کا بھی اشارہ کرتا ہے۔ یعنی اس کے تمام تر بیٹے اَور بیٹیاں جیسے ایک خاندان میں بھی ہوتا ہے یعنی ایک ماں یا ایک باپ وہ مکمل طور پر بچوں سے متحد محسوس نہیں کرے۔ اگر ان کے بچے باہمی اتحاد میں نہ ہوں۔ ”جا پہلے بھائی سے میل کر“

روزوں کے ایام کی تلاوتیں ہمیں پہلا قدم اٹھانے کی تلقین کرتی ہیں۔ اَور پھر ہر کوئی گائے گا۔ ہیلیلو یاہ!

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

تثنیہ شرع 19-16:26 **زبور 118**

رنگ جامنی

مقدس متی 48-43:5

مرکزی آیت:۔ ”تم اپنے باپ کے جو آسمان پر ہے فرزند ٹھہرو“۔ متی 45:5

بچے والدین سے جسمانی زندگی حاصل کرتے ہیں اُور انہی سے مشابہت رکھتے ہیں۔ اسی طرح میں خدا باپ کا بھرپور طریقے سے بیٹا ہوں جب میں ہو بہو اسی کی تعلیمات پر چلتے ہوئے زندگی بسر کرتا ہوں۔ یعنی اس کی طرح سب کو معاف کرتا اُور بے ریا محبت کرتا ہوں۔

اے یسوع تیرا شکریہ کہ تو نے اپنی مانند خدا کے بیٹے کی طرح جینے کا تحفہ عطا فرمایا۔

تکوین 15:5-12,17-18 **زبور 26**

رنگ جامنی

فلپیوں 3:17,4:1 **مقدس لوقا 9: 28-36**

مرکزی آیت:۔ ”اَور اُس کے دُعا کرتے وقت اُس کے چہرے کی صورت بدل گئی“۔ لوقا 9:29

روزوں کے دوسرے اتوار پر ہم یسوع کی صورت کی تبدیلی پر غور و خوض کرتے ہیں۔ مقدس لوقا اِس واقعہ سے متعلق بتاتا ہے۔ مقدس لوقا جو کہ دُعا اَور خُداوند کے رحم کا انجیل نویس ہے۔ ”جب وہ دُعا کر رہا تھا“ یہ بالکل دعا کے دوران وہ دُعا جو حقیقی، حلیمی اَور خداوند کے ہاتھوں میں دے دینے والی دعا ہے۔ جس کے ذریعے باپ ہماری صورت بھی تبدیل کر سکتا ہے۔ اَور آہستہ آہستہ ہمیں زیادہ خوش اَور منور رکھ سکتا ہے۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

17۔ مارچ **سوموار**


SAINT PATR
I BIND TO MYSELF TODAY THE FAITH OF THE TRINITY IN UNITY

مقدس پیٹرک: اُسقف

رنگ جامنی

دانیال 9:4-10

زبور 78

مقدس لوقا 6 :36-38

مرکزی آیت:۔ ”تمہارا خدا رحم دل ہے“۔ لوقا 6:36

رحیم وہ انسان ہے جو مسکینوں کے لئے اپنے دل میں درد رکھتا ہے۔ ہمارا ایک باپ ہے جو حقیقی باپ اَور ایک حقیقی ماں کی طرح وہ ہماری زبوں حالی اَور مصائب کو دیکھتا ہے۔ جو ہم آدم کی نسل ہونے کی وجہ سے اپنی خود غرضی اَور مغروری کو وجہ سے خود پر طاری کر لیتے ہیں۔ وہ ہمیں ان سب سے باہر نکالنا چاہتا ہے۔ وہ ہماری بھلائی چاہتا ہے۔ اَور ان سب سے باہر نکلنے کے لئے وہ سب جو اس کا ہے۔ ہمیں عطا کر دیتا ہے۔ یعنی یسوع جو اپنی کلیسیاء میں سرگرم عمل ہے۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

یروشلیم کا مقدس سَرل

رنگ جامنی

اشعیاہ 20-16,10:1

زبور 49

مقدس متی 12-1:23

مرکزی آیت:۔ ”کیونکہ تمہارا باپ ایک ہی ہے جو آسمان پر ہے“۔ متی 10:23

یسوع ہجوم اَور اپنے شاگردوں سے کلام کر رہا ہے۔ وہ مجھ سے، ہم سے، خاندانوں سے اَور پیرش سے ہمکلام ہے۔ ”صرف ایک ہی تمہارا راہنما ہے، مسیحا“ جب ہم صرف اسی کی راہنمائی میں ہوں گے اَور اس کے تابع ہوں گے تو ہم خوشی، سلامتی اَور نعمت سے معمور ہوں گے۔

اَے یسوع کاتھولک کلیسیاء کے لئے تیرا شکریہ۔ مسیحی استادوں کی خدمت اَور کاہنوں، اَور جس طرح تو ان کی وساطت سے ہماری رہنمائی کرتا ہے کہ کس طرح سے زندگی کا چناؤ کریں جو صرف تیری بادشاہی کی تعمیر کے لئے صرف ہو۔

مقدس یوسف، مقدسہ مریم کا شوہر | **رنگ سفید**

2۔ سموئیل 16,14-12,5-4:7 **زبور 88**

رومیوں 22,18-16:13 **مقدس متی 24,21-18,16:1**

مرکزی آیت:۔ ''کیا تمہیں یہ خیال نہ تھا کہ وہ ضرور اپنے باپ کے گھر ہوگا''۔ لوقا 49:2

یسوع کے یہ الفاظ جو وہ مریم اَور یوسف کو مخاتب کر کے کہتا ہے یہ الفاظ اس کی باپ کے ساتھ رابطہ کی پختگی بیان کرتے ہیں۔ والدین اَور بچوں کے درمیان تعلق پر روشنی ڈالتے ہیں۔ بچے ہمیشہ والدین کے لئے خدا کا تحفہ ہوتے ہیں۔ والدین اِس کی سنیں گے تا کہ وہ ان کو خدا کی مرضی جاننے اَور اس کے مطابق زندگی بسر کرنے میں مدد دے سکے۔ ماں باپ کا یہ مشن ہے کہ جوں جوں بچے جوان ہوں وہ خدا کی مرضی جان سکیں اَور اس کے مطابق زندگی بسر کر سکیں۔ حضرت یوسف نے یہ مشن بڑی خاموشی اَور حلیمی سے مکمل کیا۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

ارمیا 17:5-10

زبور 1

رنگ جامنی

مقدس لوقا 16:19-31

مرکزی آیت:۔ ”مُبارک ہے وہ آدمی جو خدا پر بھروسا رکھتا ہے“۔ ارمیاہ 7:17

وہ نہیں جو بڑے بڑے کام کر سکتے ہیں جن کی لوگ تعریف کرتے ہیں۔ کلیسیاء میں بھی ایسا نہیں بلکہ ”خداوند پر بھروسہ“ کرتا ہے۔ وہی مُبارک، باپ کا پسندیدہ اُور اس کے دل کے قریب ہے۔ وہی خداوند کی محبت حاصل کرے گا اُور اس کا مددگار رہے گا۔ یسوع انجیل میں غریب لعزر کی بات کرتا ہے جس نے کہ سال ہا سال خداوند پر بھروسہ کیا اُور آج حقیقی برکت میں خوش وخرم ہے۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

تکوین 37:3-4,12-13,17-28 **زبور 104**

رنگ جامنی

مقدس متی 21:33-43,45-46

مرکزی آیت:۔ ”یہ خُداوند کی طرف سے ہوا ہے“۔ متی 21:42

کئی دفعہ ہمیں اس تعیف کو دہراتے ہوئے مشکل پیش آتی ہے۔ لیکن خداوند درحقیقت ہمارے لئے ایک باپ ہے۔ ہر ایک کے لئے وہ ہماری زندگی کے ہر لمحہ سے واقف ہے۔ وہ بھی جو ہماری نظر میں ذلت و رسوائی ہو۔ ہم ہر چیز اس کے ہاتھوں سے لیں گے۔ جب ہم اس یقین سے جیئں گے تو باپ کی اس پوشیدہ محبت کا انکشاف کرسکیں گے۔ یوسف جیسے بھائیوں نے بیچا تھا۔ اس پر بھی یہ رسوا ہوں اُور ایک برکت کی طرف منکشف ہوا۔ اسی طرح یسوع بھی قوم کے رہنماؤں کے ذریعے مصلوب کیا گیا۔ اپنے خون کے ساتھ ان سب کے لئے نجات کا باعث بن گیا۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

میکا 7:14-15,18-20 **زبور 102**

رنگ جامنی

مقدس لوقا 15:1-3,11-32

مرکزی آیت:۔ ”میَں اُٹھ کر اپنے باپ کے پاس جاؤں گا“۔ لوقا 15:18

اِس بیٹے کی مانند جس کا ذکر اِس تمثیل میں ہے۔ میں بھی جب باپ کی محبّت سے دُور ہو جاتا ہوں تو غمگین ہو جاتا ہوں۔ جب دوسروں کے سامنے دکھاوا کرتا، دوسروں پر فتوے لگاتا اَور اپنی خُود غرضی سے دوسروں پر تنقید کرتا ہوں۔ لیکن بھائیوں اَور مقدسین کی دعاؤں کے ذریعے اَور ریاضت کرنے کے ساتھ مجھ پر بھی روح القدس واپس آ جاتا ہے۔ اس طرح حوصلے اَور بھروسے کے ساتھ باپ کے رحم کی روٹی کھانے واپس آ سکتا ہوں۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

منگرڈیو کا مقدس طوربیو۔ اُسقف **رنگ جامنی**

خرُوج 15-13,8-1:3 **زبور 102**

1۔ قرنتیوں 12-10,6-1:10 **مقدس لوقا 9-1:13**

مرکزی آیت:۔ ”اَے خداوند اِس سال اَور بھی اسے رہنے دے“۔ لوقا 8:13

ہمارا ابدی باپ بے انتہا اچھا ہے جو اپنا مصلُوب اَور دوبارہ زندہ ہوا بیٹا ہمیں عطا کرنے کے بعد اِس سال بھی ہمارے پاس رہنے دیتا ہے۔ یسوؔع درحقیقت اپنی کلیسیا میں زندہ وتابندہ ہم میں سے ہر ایک کے لئے مشقت کر رہا ہے۔ وہ ہم میں کوئی نہ کوئی پھل دیکھنا چاہتا ہے۔ تاکہ وہ ہم میں جتنی جلدی ہو سکے سکونت کرے۔ اس طرح ہماری موت ایک رسوائی نہیں ہوگی جیسے اُس شخص کی موت جسے پلاطوس کے سپاہیوں نے ہیکل میں قتل کر دیا تھا۔ یا پھر اُن کی طرح جو سلوام کے بُرج کے نیچے دب رہیں گے۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

1۔ ملوک5:1-15 **زبور41-42**

رنگ جامنی

مقدس لوقا4:24-30

مرکزی آیت:۔ ’’لیکن وہ اُن کے بیچ میں سے گزر کر چلا گیا‘‘۔ لوقا4:30

اے یسوع تو ناصرت میں اپنوں کو بھی اس تحفہ سے نوازنا چاہتا تھا۔ جو باپ نے تجھے دیا تھا۔ جس سے متعلق ابھی ابھی تو نے اشعیاء کے صحیفہ سے پڑھا تھا۔ کہ ’’روحِ خُداوند مجھ پر ہے‘‘ لیکن تو اُن کے لئے صرف ایک بڑھئی کا بیٹا تھا۔ اِنہوں نے مجھے جاننا نہ چاہا اَور نہ ہی مجھے قُبول کیا بلکہ تجھے قتل کرنا چاہتے تھے۔ تو یُہ سب باپ کے دِل میں رکھتا ہے اَور صرف اُسی کے ساتھ اَور اپنے شاگردوں کے ساتھ اپنا کام اپنا مشن جاری رکھتا ہے۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....



عید بشارت

رنگ جامنی یا سفید

اِشعیا 10:8;14-10:7 **زبور 39**

عبرانیوں 10-4:10 **مقدس لوقا 38-26:1**

مرکزی آیت:۔ ''وہ بڑا ہوگا اَور حق تعالیٰ کا بیٹا کہلائے گا''۔ لوقا 32:1

یسوع آج فرشتے کے ذریعے مریم کو تیری بشارت دی جاتی ہے۔ قادرِ مطلق کا بیٹا، خدا کا بیٹا، خدا، آسمان اَور زمین کا مالک تو مریم سے جسم اَور خون لے گا۔ تو اس کی گود میں آرام کریگا۔ اَور اپنے قدم اپنے چھوٹے ہاتھ اس کے ہاتھوں میں دے کر لے گا۔

اَے یسوع میں تجھے سجدہ کرتا ہوں۔ اے میرے خدا انسان کو اتنا پیار دے دے کہ تو خود اِس کا بیٹا بن گیا اَور تجھے اس کی ضرورت محسوس کرنا چاہیے۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

تثنیہ شرع 9-5,1:4

زبور 147

رنگ جامنی

مقدس متی 19-17:5

مرکزی آیت:۔ ”خداوند ہمارا خدا ہمارے نزدیک ہے“۔ تثنیہ شرع 7:4

جی ہاں! ہمارا خدا باپ جب بھی ہمیں اِسے پکاریں تو وہ ہماری سنتا ہے۔ اس لئے ہم اِس کا کلام سنتے اور اِس پر عمل کرتے ہیں۔ ہماری زندگی اس کی اور اچھائی کا پرچار ہوگی۔ تا کہ جو ابھی تک اِسے نہیں جانتے وہ بھی اِس کو تلاش کریگا۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

ارمیا 7:23-28 **زبور 94**

رنگ جامنی

مقدس لوقا 11:14-23

مرکزی آیت:۔ ”خُدا کی بادشاہی تمہارے نزدیک ہے“۔ لوقا 11:20

یسوع نے ایک گونگی بدروح کو نکالا تھا اَور اِس گونگے نے بولنا شروع کر دیا تھا۔ خدا کی بادشاہی آ پہنچی ہےَ۔ جوبھی اس بادشاہی میں رہے گا وہ درحقیقت بولے گا۔ اَور باپ کی محبت کا اعلان کرے گا۔ اَور وہ ہر موقع پر باپ کی محبت کو پہچان لے گا۔ یعنی اُس کی حمد سرائی کریگا اَور بھائیوں کے ساتھ خُوشی اَور اتحاد کی زندگی گزارنا سیکھ لے گا۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

ہوشیع 10-2:14 **زبور 80**

رنگ جامنی

مقدس مرقس 34-28:12

مرکزی آیت:۔ ”خداوند ہمارا خدا ایک ہی خدا ہے“۔ مرقس 29:12

یسوع ایک مذہبی راہنما کو جواب دیتا ہے۔ جس نے اُس سے پوچھا کہ ”پہلا حکم کونسا ہے“، جس پر باقی سب احکام کا انحصار ہے۔ یسوع کا واحد جواب ہے جو حقیقی اَور آزادی بخشنے والا ہے۔ ہم خداوند کے احکام کی بجا آوری کریں گے اُسے جواب دیتے ہوئے جو ہمیں پیار کرتا ہے۔ اپنی ذاتی زندگی، خاندانی اَور معاشرتی زندگی میں اس کی محبت ہماری راہنمائی کرے گی جو واحد خدا ہے۔ اَور یسوع میں ظاہر ہوا ہے۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

ہوشیع 6:1-6

زبور 50

رنگ جامنی

مقدس لوقا 18:9-14

مرکزی آیت:۔ ''جو اپنے آپ کو چھوٹا بنائیگا وہ بڑا کیا جائیگا''۔ لوقا 18:14

یہ یسوع کی ایک خوبصورت تمثیل کا نتیجہ ہے: دو آدمی دُعا کر رہے ہیں۔ ان میں سے ایک اپنے نیک اعمال خداوند کو پیش کرتا ہے۔ مگر بڑے غرور کے ساتھ، اپنے پڑوسی کی حقارت کرتے ہوئے۔ اَور دوسرا اپنی آنکھیں اُٹھانے کی جرات نہیں کرتا اپنے گناہوں کو پہچانتا اَور رحم کی التجا کرتا ہے۔

اے یسوع تیرا شکریہ۔ تو اپنے شاگردوں کی زندگی میں آ سکتا ہے۔ اَور ان کی تعریف کرسکتا ہے جب تو ان کے دلوں کی حلیمی دیکھتا ہے۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

30۔ مارچ | **سالِ سوئم روزوں کا چوتھا اتوار** | **اتوار**

یوشیع 12-10,9:5

زبور 33

رنگ جامنی

2۔ قرنتیوں 21-17:5

مقدس لوقا 32-11,3-1:15

مرکزی آیت:۔ "یہ گنہگاروں کے ساتھ ملتا اُور اُن کے ساتھ کھانا کھاتا ہے"۔ لوقا 2:15

یسوع کا دِل باپ کے دل کی مانند ہے۔ وہ بڑی شدت سے چاہتا ہے کہ جو کوئی اس سے دور چلا گیا ہے وہ واپس آئے۔ وہ کھلے بازوؤں کے ساتھ اس کا انتظار کرتا ہے۔ یسوع نے ان گناہگاروں کو قبول کر لیا جو اس کا کلام سننے کے لئے اس کے قریب آتے تھے۔ یہ اس کی سب بڑی خوشی تھی۔ کیونکہ بالکل انہی کی خاطر یعنی ہم میں سے ہر ایک کی خاطر وہ انسان بنا، مصلوب ہوا اُور پھر جی اُٹھا۔ درحقیقت عید کا دن ہے آسمان اُور زمین پر خوشی کا سماں۔

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

اشعیا 65:17-21 **زبور 29**

رنگ سفید

مقدس یوحنا 4:43-54

مرکزی آیت:۔ جا تیرا بیٹا جیتا رہے۔ یوحنا 4:50

بادشاہ کا وہ سر رشتہ دار اس کلام پر یقین رکھتا ہے اَور اپنے گھر کی طرف روانہ ہوتا ہے اَور پھر بڑی خوشی سے دیکھتا ہے۔ کہ یسوع نے جو کہا وہ پورا ہوا۔ یسوع کی ہر بات ایک فضل ہے۔ تب بھی جب وہ روحانی باپ یا کسی بھائی کی طرف آتا ہے۔ وہ ہمیں ایمان میں چلنا سکھاتا ہے۔ اَور وقت آنے پر یسوع کا کام بڑے وثوق سے انجام پاتا دیکھا جاتا ہے۔ وہ درحقیقت زندہ ہے۔ اَور بڑے کرشماتی انداز میں ہمیں اپنا پیار دکھاتا رہتا ہےَ

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....